سوال

(556) مردنے قسم کھائی کہ اگر وہ فلاں جگہ گیا تو اس کی بیوی کو طلاق، پھر وہ وہاں چلا گیا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایسے آدمی کے متعلق سوال کیا گیا جس نے کہا: مجھ پر طلاق دینا واجب ہے میں فلاں جگہ میں نہیں جاؤں گا، پھر وہ اس جگہ چلا گیا۔ اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس شخص نے کہا: مجھ پر طلاق دینا واجب ہے، میں فلاں جگہ نہیں جاؤں گا، پھر وہ بھول کر نہیں بلکہ جان بوجھ کر وہاں چلا گیا تو عورت پر ایک طلاق واقع ہوگئی اور اگر وہ مذکورہ جگہ میں نہ جائے تو عورت پر کوئی طلاق شمار نہ ہوگی۔ (السعدی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 501

محدث فتویٰ